© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

## مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں

### ● قرآن کریم کی بے حرمتی کے خلاف مجلس احرار اسلام ملتان کا احتجاجی مظاہرہ

ملتان (۲۷مئی) گوانتا ناموبے میں امریکی فوجیوں کے ہاتھوں قرآن کریم کی گستاخی کے خلاف مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام چوک ایم ڈی اے ملتان میں احتجاجی مظاہرہ ہوا۔ مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کلام الٰہی کی توہین پر امریکہ عالم اسلام سے معافی مانگے اور ان تمام ذمہ داران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے قرار واقعی سزا دے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کے مسلمان اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ تمام آسمانی کتب کا احترام لازم ہے اور ہم یہی توقع دیگر اقوام سے بھی رکھتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کی مقدس کتاب کے حوالے سے وہی رویہ اور نظریہ پیش کریں گے جو مسلمان دوسری مذہبی کتابوں کے بارے میں رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ توہین قرآن کے واقعات صرف گوانتا ناموبے میں ہی نہیں بلکہ افغانستان اور عراق میں بھی ہوئے ہیں اور خود امریکی بریگیڈیئر جنرل جے ہڈ نے اعتراف کیا ہے کہ توہین قرآن کے پانچ واقعات رونما ہونے کا ثبوت ملا ہے۔ اس اعتراف سے یہ بات ثابت ہوجاتی ہے کہ مسلمانوں کا احتجاج بلاوجہ ہرگز نہیں بلکہ حقیقت میں جو واقعات رونما ہوئے ہیں، وہی اس کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجلس احرار اسلام توہین قرآن کے تمام واقعات پر بھرپور احتجاج کرتی ہے اور پاکستان میں موجود امریکی نائب وزیر خارجہ کرسٹینا روکا سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ جھوٹی تسلیوں کے بجائے ذمہ دار افراد کے خلاف حقیقی اقدامات کریں۔ تاکہ عالم اسلام میں پایا جانے والا اشتعال کم ہوسکے۔ انہوں نے تمام اسلامی ممالک سے مطالبہ کیا کہ جب تک توہین قرآن کے ذمہ داروں کو امریکہ قرار واقعی سزا نہیں دے دیتا اور آئندہ کے لیے ایسے واقعات نہ ہونے کی یقین دہانی نہیں کرادیتا تب تک اسلامی ممالک تمام امریکی سفارت خانوں کو بند کردیں۔

مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر چودھری ثناء اللہ بھٹہ، سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد، ناظم نشرواشاعت عبداللطیف خالد چیمہ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری، سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی اور مولانا محمد مغیرہ نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ نائب امریکی وزیر خارجہ کرسٹینا روکا تک پاکستانی عوام کے جذبات کو پہنچائے۔ اور انہیں بتایا جائے کہ اہالیانِ پاکستان توہین قرآن کے واقعات کو امریکی پالیسی کے مطابق محض سرسری نظر سے نہیں دیکھتے۔ بلکہ پاکستانی مسلمانوں کے نزدیک یہ واقعات ان کی مذہبی کتاب اور شعائر دینی کی توہین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر مبنی ہیں، جسے وہ برداشت کرنے کے لیے کسی صورت تیار نہیں ہیں۔ احرار رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ دین کی سربلندی کے لیے ہر قربانی دی جا سکتی ہے اور دینِ اسلام کے دشمنوں کے خلاف پوری امت کو متحد ہو کر مقابلہ کے لیے سامنے آنا ہوگا۔

## ● اسلام آباد بم دھماکے کے ذمہ دار وہ بیرونی سازش گر ہیں جنہوں نے ملک کو یرغمال بنا رکھا ہے

ملتان (۲۷ مئی) مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر چودھری ثناء اللہ بھٹہ، سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد، ناظم نشر و اشاعت عبداللطیف خالد چیمہ، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سید محمد کفیل بخاری، سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی اور مولانا محمد مغیرہ نے اپنے مشترکہ بیان میں اسلام آباد میں خودکش بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے کے بعد حکومت کی نااہلی ثابت ہو گئی ہے۔ بم دھماکے میں پچیس بے گناہ افراد کی موت ایک المناک حادثہ ہے۔ جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اس دن رونما ہوا ہے۔ جب مجلس عمل نے پاکستان بھر میں توہین قرآن کے حوالے سے احتجاجی مظاہروں کا اعلان کر رکھا تھا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ واقعہ احتجاجی مظاہروں کو سبوتاژ کرنے کی بھونڈی اور ناکام کوشش ہے۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ انتہائی اہم اور سیکورٹی کے اعتبار سے حساس ترین علاقے میں اس طرح بم دھماکا ہونا اور اس میں کئی بے گناہوں کی جانوں کا چلے جانا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ احرار رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ بم دھماکے کے ذمہ دار افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ مجلس احرار اسلام کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ یہ بم دھماکا نائب امریکی وزیر خارجہ کرسٹینا روکا کی اسلام آباد موجودگی میں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن حالات کو بگاڑنے میں بیرونی قوتوں کی سازشوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بم دھماکے کو فرقہ وارانہ دہشت گردی کا رنگ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حالانکہ اس کے ذمہ دار وہ بیرونی سازش گر ہیں جنہوں نے ملک کو یرغمال بنا رکھا ہے۔

## ● توہینِ قرآن پر سزائے موت کا قانون بنایا جائے

لیاقت پور، ضلع رحیم یار خان (یکم جون) مجلس احرار اسلام لیاقت پور کے امیر قاری ظہور الرحیم عثمانی نے کارکنان احرار سے خطاب کرتے ہوئے حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ توہین رسالت کی طرح توہین قرآن کے مجرم کیلئے بھی سزائے موت کا قانون بنایا جائے۔ قادیانیوں اور دوسرے کسی بھی غیر مسلم کو قرآن کی اشاعت کی اجازت نہ دی جائے۔ عربی متن کے بغیر تمام تراجم کو ضبط کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو صرف احتجاج پر ہی اکتفا نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس سلسلے میں عملی اقدام کرنے کی اشد ضرورت ہے، پوری دنیا میں مسلمان اس سلسلہ میں عملی اقدامات کیلئے جدوجہد کریں۔ موجودہ حالات میں ان کی اشد ضرورت ہے۔ یہ کوئی سیاسی مسئلہ نہیں کہ ٹل جائے۔ یہ مسلمانوں کے ایمان و عقیدے کا مسئلہ ہے۔ چناب نگر میں قادیانی قرآن کی اشاعت کر کے اور اپنی کتب میں قرآنی آیات اور احادیث نبوی لکھ کر جرم کے مرتکب ہو رہے ہیں، ان پر پابندی لگائی جائے۔ اجلاس میں حافظ عبدالرحمٰن، حافظ محمد صدیق، محمد عثمان، محمد علی، عبدالرشید، محمد معاویہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



،محمد مغیرہ اور حسن معاویہ نے شرکت کی۔

## ● امریکی قید سے رہائی پانے والے مجاہدین کی حراست قابل مذمت ہے: سید عطاء المہیمن بخاری

لاہور (۱۲؍جون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے گوانتا ناموبے اور افغانستان سے امریکی فوج کی قید سے رہائی پانے والے مجاہدین کو پاکستانی جیلوں سے رہا نہ کرنے پر حکومت کے فیصلے کی شدید مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ تفتیش کے باوجود ۲۰۴ مجاہدین جنہیں پاکستان کی قید میں رکھا گیا ہے' انصاف اور قانون کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت امریکہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس حد تک نہ جائے کہ اپنے عوام حکومت کے خلاف نفرت کے اظہار کے لیے سڑکوں پر نکل آئیں۔

## ● مرزا قادیانی شیطانی قوتوں کا آلۂ کار تھا۔ مرزائی' اسلام اور ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہیں

جلال پور پیروالہ (۱۵؍جون) ختم نبوت محمد رسول اللہ ﷺ کا اعزاز ہے اس کا دفاع مسلمانوں کا فریضہ ہے۔ نبی کریم ﷺ کی بعثت کفر وشرک سے ٹکرانے اور ہدایت پھیلانے کے لیے ہوئی ہے۔ مرزا قادیانی شیطانی قوتوں کا آلہ کار اور گمراہی کا علمبردار تھا۔ مرزا قادیانی نبی تو درکنار دائرہ انسانیت سے بھی خارج تھا۔ یہ گمراہ ٹولہ اسلام دشمنی کے ساتھ ساتھ ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ ان کو کلیدی عہدوں سے ہٹانا ملکی سلامتی کے لیے ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار مجلس احرار اسلام تحصیل جلال پور پیروالہ کے ناظم اعلیٰ محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی نے ماہانہ اجلاس میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکمران روشن خیالی کے نام پر ملک میں فحاشی اور عریانی کو فروغ دے رہے ہیں جسے کسی قیمت پر برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلمان رحمت دو جہاں سرور کائنات معلم انسانیت ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل کر کے ہی دنیا اور آخرت کی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ امیر المؤمنین خلیفہ عادل وراشد سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کی فتوحات اور کارناموں سے بدحواس ہو کر' بغض معاویہ کی مرض میں مبتلا ہیں اور صحابہ دشمنی میں اُن پر کیچڑ اچھال رہے ہیں۔ ان کو حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا یہ قول یاد رکھنا چاہیے ''ایک شخص نے دریافت کیا کہ یزید پر لعنت کرنا کیسا ہے؟ مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا اس شخص کے لیے جائز ہے جس کو معلوم ہو کہ میرا خاتمہ اس سے اچھا ہوگا'' آپ نے تو یزید پر لعنت کرنے والوں کو یہ جواب دیا لیکن حیرت ان پر ہے جو کاتب الوحی سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر کیچڑ اچھال کر اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں۔

## ● امریکہ کے خلاف ساہیوال میں احتجاجی مظاہرہ، امریکی پرچم نذرِ آتش

ساہیوال (۱۹؍جون) امریکہ اور اسرائیل میں قرآن کی بے حرمتی کے خلاف جمعیت اہلسنت والجماعت ضلع ساہیوال کے زیر اہتمام ساہیوال میں زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا اور امریکی پرچم نذرِ آتش کئے گئے۔ چیچہ وطنی، اوکاڑہ،

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نوشہرہ، نورشاہ، ملکہ مانس اور پاکپتن سمیت متعدد شہروں سے بڑے قافلوں نے مظاہرے میں شرکت کی۔ جبکہ مدارس دینیہ کے اساتذہ وطلباء، دینی جماعتوں کے کارکنوں اور شہریوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق مظاہرہ صبح دس بجے قدیم دینی درسگاہ جامعہ رشیدیہ غلہ منڈی سے شروع ہوا اور نہایت پر شکوہ انداز میں انتہائی منظم طور پر امریکہ واسرائیل اور پاکستانی حکمرانوں کے خلاف سخت نعرے بازی کرتا ہوا غلہ منڈی، پل بازار، پاکپتن بازار، صدر بازار اور ہائی سٹریٹ سے ہوتا ہوا جوگی چوک پہنچا جہاں تپتی دھوپ میں بہت بڑے جلسہ عام کی شکل اختیار کر گیا۔ شرکاء جلوس ''امریکہ کا جو یار ہے غدار ہے غدار ہے، حرمت قرآن پر جان بھی نثار ہے، اسلام کا دشمن امریکہ، انسان کا دشمن امریکہ، قرآن کا دشمن امریکہ، امریکی کتو پاکستان سے نکل جاؤ'' جیسے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ شرکاء جلوس سے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی نائب امیر سید امیر حسین گیلانی، مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت اہلسنت والجماعت کے امیر قاری منظور طاہر، مولانا کلیم اللہ رشیدی، قاری سعید ابن شہید، مفتی عثمان غنی، مولانا محمد احمد رشیدی، مولانا عبدالباقی، قاری محمد طاہر رشیدی، ماسٹر عبدالفتاح، مولانا شکیل احمد، مولانا شیرازی اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا جبکہ مظاہرے کی قیادت کرنے والوں میں مقررین کے علاوہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے قاری عبدالجبار، عبدالرزاق مجاہد، دارالعلوم ختم نبوت کے صدر قاری محمد قاسم، قاری زاہد اقبال، قاری ممتاز احمد، حافظ محمد یونس اور مدارس دینیہ کے دیگر ذمہ داران شامل ہیں۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ سات سو سے زائد شہری گرفتار کر کے امریکی حکام کے حوالے کرنیوالے حکمران ہوش کے ناخن لیں اور فرعون ونمرود کا کردار ادا کرنے والے امریکہ اور طاغوت کے سامنے ڈٹ جائیں۔

## ● مولانا محمد اسحاق ساقی پر قادیانی غنڈوں کے قاتلانہ حملے کی مذمت

ملتان (۲۱رجون) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد، سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور مولانا محمد مغیرہ نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع بہاول پور کے مبلغ مولانا محمد اسحاق ساقی پر قادیانی غنڈوں کے قاتلانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قادیانی غنڈہ گردی اور دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات اس بات کا بیّن ثبوت ہیں کہ حکومت قادیانیوں کو کھلا میدان فراہم کر رہی ہے جہاں وہ من مانیاں کر رہے ہیں۔ ایسے حالات وواقعات ملک میں اشتعال اور بدامنی کو ہوا دینے کے مترادف ہیں۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ حکومت کی بدترین قادیانیت نوازی کا نتیجہ ہے کہ مجاہدین ختم نبوت پر قاتلانہ حملے ہو رہے ہیں جو کسی صورت برداشت نہیں کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے کی بجائے دہشت گرد قادیانیوں کو لگام ڈالیں اور قادیانی غنڈہ گردی بند کرائیں۔ احرار رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ حملہ آور قادیانی غنڈوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور اگر قادیانیوں کی غنڈہ گردی نہ روکی گئی تو حالات کی ذمہ داری حکومت پر ہو گی۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

## مجلس احرار ھند کی سرگرمیاں

### ● امریکی افواج کی طرف سے قرآن کریم کی بے حرمتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

لدھیانہ (الاحرار) گوانتاناموبے میں قید مجاہدین سے تفتیش کے دوران قرآن کریم کی بے حرمتی کرنے والے امریکی فوجی افسران کی حرکت سنگین جرم ہے۔ مجلس احرار ہند کے ترجمان عتیق الرحمٰن لدھیانوی نے کہا کہ مسلمان امریکہ کی اس حرکت کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بش حکومت شروع سے ہی دنیا بھر میں اسلام مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ مسلمانوں کو پریشان کرنا اور اسلام کی توہین امریکی حکومت کا ایجنڈہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ مجلس احرار ہند سرکش امریکی فوجیوں کی اس حرکت کی سخت مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی حکومت پوری دنیا کو جنگ کی طرف دھکیل رہی ہے۔ پوری دنیا پر امریکی قبضے کا خواب دیکھنے والے بش جنگ کو مذہب سے جوڑ کر سنگین غلطی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قرآن کریم کی بے حرمتی کر کے امریکی فوجیوں نے اللہ تعالیٰ کے قہر کو دعوت دی ہے۔ جس سے سنگین نتائج سامنے آئیں گے۔ عتیق الرحمٰن لدھیانوی نے مسلمانوں کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ اسلام دشمن طاقتوں اور ان کی اوچھی حرکتوں کا مکمل قوت سے مقابلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دور اسلام کے ماننے والوں کے لیے آزمائش کا دور ہے اور اہل ایمان اس میں ضرور سرخرو ہوں گے۔

### ● حضرت شیخ الحدیث علامہ انظر شاہ صاحب سے امیر احرار کی ملاقات

### ● شیخ مدظلہ نے تحفظ ختم نبوت کے لئے احرار کی کارگزاری پر اطمینان کا اظہار فرمایا

دیوبند (الاحرار) عالم اسلام کی معروف شخصیت دارالعلوم (وقف) دیوبند کے شیخ الحدیث اور مجلس احرار اسلام ہند کے سرپرست حضرت علامہ انظر شاہ صاحب کشمیری مدظلہ سے دیوبند میں امیر احرار مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی مدظلہ نے خصوصی ملاقات فرمائی جو مغرب تا عشاء جاری رہی۔ اس طویل ملاقات کے دوران حضرت شیخ الحدیث مدظلہ العالی نے ملک بھر میں جاری تحفظ ختم نبوت کیلئے مجلس احرار اسلام ہند کی خدمات پر اطمینان کا اظہار فرمایا اور مزید رہنمائی فرماتے ہوئے چند ضروری ہدایات امیر احرار مدظلہ کو فرمائیں۔ حضرت شیخ علامہ انظر شاہ کشمیری نے فرمایا کہ اکابر کی جماعت مجلس احرار اسلام ہند نے جس تیزی کے ساتھ اس دور میں تحفظِ ختم نبوت کا کام کیا ہے، وہ لائق تحسین ہے۔ شیخ نے امیر احرار کو فرمایا کہ فتنہ قادیانیت میں پھنسے ہوئے بھولے بھالے لوگوں کو نکالنے کیلئے احرار اپنی کوششیں مزید تیز کریں اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تمام مقامی زبانوں میں کثیر تعداد میں تحفظ ختم نبوت کے متعلق لٹریچر شائع کریں۔قابل ذکر ہے کہ مجلس احرار اسلام ہند کے امیر اور رضا کار حضرت شاہ صاحب مدظلہ کی سرپرستی میں تحفظ ختم نبوت کیلئے سرگرم عمل ہیں۔گزشتہ دنوں حضرت شاہ صاحب کی جانب سے متعدد اجتماعات میں قادیانیوں کی جنگ آزادی میں انگریز نوازی کے متعلق پردہ فاش کرنے پر قادیانی جماعت پر بوکھلاہٹ طاری ہوگئی تھی۔

یاد رہے کہ جنگ آزادی ہند کے دوران مجلس احرار اسلام ہند کے سرپرست حضرت شاہ صاحب کے والد محدث العصر حضرت شیخ علامہ محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ تھے۔رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی اور سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کا شمار علامہ مرحوم کے سالاروں میں ہوتا تھا۔

متحدہ ہندوستان میں مجلس احرار اسلام ہند کے سرکردہ رہنماؤں میں سید الاحرار سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ تقسیم کے وقت پاکستان ہجرت فرما گئے۔شاہ صاحب نے پاکستان میں احرار کو از سرنو منظم فرمایا اور رئیس الاحرار مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی نے احرار کی قیادت ہندوستان میں فرمائی۔رئیس الاحرار کے جانشین ہندوستان میں احرار کے مشن کو لے کر چل رہے ہیں۔اسی طرح پاکستان میں شاہ صاحب کے جانشین احرار کی قیادت کر رہے ہیں۔پاکستان احرار کے امیر حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے فرزند پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ ہیں۔

## ● مجلس احرار اسلام ہند کی خدمات ملت کیلئے باعث فخر ہیں

## ● دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن کا امیر احرار سے ملاقات کے دوران اظہارِ خیال

بجنور (الاحرار) مجلس احرار اسلام ہند کی خدمات ملت کیلئے باعثِ فخر ہیں، موجودہ احراریوں نے اپنے اکابر کی سنت کو نہ صرف زندہ کیا ہے، بلکہ ان کے صحیح جانشین ثابت ہوئے ہیں۔تاج ختم نبوت کی حفاظت کیلئے احرار ہند کی جاں نثاری ناقابل فراموش ہے۔ان خیالات کا اظہار دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن نے مجلس احرار اسلام ہند کے قومی صدر امیر احرار مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی سے ملاقات کے دوران فرمایا۔قابلِ ذکر ہے کہ امیر مجلس احرار اسلام، بجنور کے اجلاس میں شرکت کے لیے تشریف لے گئے تھے۔

حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن نے فرمایا کہ ہم تحریک احرار کی مکمل تائید کرتے ہیں۔یہ تحریک دین اسلام کے دفاع اور ختم نبوت کے تحفظ کیلئے سب سے نمایاں خدمات انجام دے رہی ہے۔مجاہد اسلام رئیس الاحرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی مرحوم کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مہتمم صاحب نے فرمایا کہ بانی احرار صحیح معنوں میں اللہ کے سپاہی تھے۔آپ نے تا زندگی حق گوئی سے کام لیا۔دار و رسن کی سختیاں انگریزی تشدد بھی آپ کو متزلزل نہ کر سکا۔

انہوں نے کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا علماء لدھیانہ کے خانوادہ پر کرم اور فضل ہے کہ قادیانیت کے خلاف اوّل فتویٰ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تکفیر جاری کرنے والے لدھیانہ کے علماء کے جانشین آج بھی اپنے اکابر کی سنت کو زندہ کر کے قادیانیت کا تعاقب جاری رکھے ہوئے ہیں۔حضرت مہتمم صاحب نے فرمایا کہ ہماری دعائیں احرار کے ساتھ ہیں۔

## ● لدھیانہ سنٹرل جیل میں زیرِ تعمیر مسجدِ ختمِ نبوت کا امیرِ احرار مدظلہ نے دورہ کیا

## ● مسجد کی تعمیر یکم جون تک مکمل ہو جائے گی، تعمیری کام سرگرمی سے جاری

لدھیانہ (الاحرار) لدھیانہ سینٹرل جیل میں مقید مجلس احرار اسلام ہند کے اسیران ختم نبوت کی مسلسل کوششوں سے زیر تعمیر مسجد ختم نبوت کا کام مکمل سرگرمی سے جاری ہے۔گزشتہ دنوں مجلس احرار اسلام ہند کے امیر مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی مدظلہ نے سینٹرل جیل لدھیانہ میں جا کر زیر تعمیر مسجد کا معائنہ کیا۔امیر احرار نے مسجد کی زیر تعمیر خوبصورت عمارت کو دیکھ کر خوشی کا اظہار فرمایا اور اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازا۔اس موقع پر جیل سپریٹنڈنٹ شری کلدیپ سنگھ اور ڈپٹی جیلر ایس پی کھنہ نے امیر احرار مدظلہ سے ملاقات بھی کی۔جیل کے مسلمانوں نے امیر احرار مدظلہ کی آمد پر آپ کا پر تپاک استقبال بھی کیا۔

امیر احرار مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی کے ساتھ تشریف لانے والوں میں مسجد دومنزلی لدھیانہ کے امام و متولی قاری الطاف الرحمٰن لدھیانوی، جناب مجاہد طارق رحمانی کے نام قابل ذکر ہیں۔امیر احرار نے جیل کے مسلمانوں کی طرف سے مسجد میں خدمت اور کارگزاری کو قابل تحسین بتایا۔قابلِ ذکر ہے کہ مسجد ختم نبوت کا سنگ بنیاد امیر احرار مدظلہ نے ۱۸ رفروری ۲۰۰۵ء کو اپنے دست مبارک سے رکھا تھا۔زیر تعمیر مسجد تقسیم ہند کے بعد جیل خانہ جات میں تعمیر ہونے والی اوّل مسجد ہے۔

## ● بجنور میں مجلس احرار اسلام ہند کی خصوصی میٹنگ

## ● امیر احرار مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی مدظلہ نے صدارت فرمائی

بجنور (الاحرار) مجلس احرار اسلام ہند کی ایک اہم میٹنگ نگینہ بجنور میں احرار کے قومی جوائنٹ سیکرٹری جناب علامہ منصور احمد بجنوری کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی جس کی صدارت امیر احرار حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب ثانی لدھیانوی نے فرمائی۔

اس موقع پر شاعرِ احرار جناب علامہ منصور احمد بجنوری، ماسٹر خلیل الرحمٰن صاحب منیجر مسلم فنڈ بجنور، مولانا شفیع قاسمی صدر احرار ضلع بجنور، ڈاکٹر عزیز الرحمٰن احساس جنرل سیکرٹری بجنور احرار، نسیم احمد ستار جوائنٹ سیکرٹری بجنور احرار، مولانا جاوید صدر احرار نجیب آباد، مولانا محمد رفیع صاحب سیکرٹری احرار بجنور، جناب مولانا وکیل احمد شارب صدر لکھنؤ منڈل احرار، محمود احمد، سلیم احمد صاحب، مفتی شمس الدین صاحب خطیب جامع مسجد قاضی پارہ، محمد اکرام قاری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عبدالحلیم قاری عبدالحنان صاحب خطیب جامع مسجد مرد ہیگان بجنور، ماسٹر خلیل الرحمٰن ایڈیٹر اخبار فکر وعمل بجنور، وسیم احمد ایڈووکیٹ، قاضی طاہر علی صاحب، عبدالرشید صاحب، مشکور احمد، ایوب احمد، قاری نسیم احمد ودیگر اہم حضرات نے شرکت فرمائی۔

اس موقعہ پر مجلس احرار اسلام ہند کو یو پی میں مزید فعال جماعت بنانے پر غور وفکر کیا گیا، نیز ملک کی موجودہ صورتحال اور مسلمانوں کے حالات کے متعلق تبادلۂ خیالات کیا گیا۔ امیر احرار مدظلہ نے تمام شرکاء کو قوم میں جذبۂ حریت بیدار کرنے کیلئے منظّم جدوجہد کرنے کی تلقین فرمائی۔

نیز قاری عبدالحنان صاحب کی رہنمائی میں جامع مسجد میں امیر احرار مدظلہ کا استقبال کیا گیا۔ جامع مسجد میں موجود کثیر تعداد میں فرزندانِ اسلام کو امیر احرار مدظلہ نے خطاب فرمایا۔ میٹنگ میں خصوصی طور پر لکھنؤ منڈل احرار کے صدر مولانا وکیل احمد شارب سیتاپوری، اترانچل احرار کے صدر قاری نسیم منگلوری اور لکھنؤ منڈل احرار کے جنرل سیکرٹری مولانا فضیل سیتاپوری موجود تھے۔

## ● تحفظِ ختم نبوت کے سلسلہ میں صدر احرار ہریانہ کا دورہ

انبالہ (الاحرار) مجلس احرار اسلام ہند صوبہ ہریانہ کے صدر مولانا نور محمد چندینی صاحب اور ان کے رفقاء نے گذشتہ دنوں انبالہ، چمکور صاحب، چنڈی گڑھ اور دیگر مقامات کا ہنگامی دورہ کیا۔ مولانا نور محمد چندینی نے اپنے اس دورے کا دوران عوام کو تحفظ ختم نبوت کی اہمیت اور فتنہ قادیانیت کے متعلق آگاہ کیا۔ صدر احرار ہریانہ اور ان کے رفقاء میں فتنہ قادیانیت کی سرکوبی کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ ہریانہ کے علاقہ میوات میں صدر احرار مولانا نور محمد چندینی اور دیگر علماء کرام کی کوششوں سے بڑی حد تک قادیانیت کے اثرات ختم ہو چکے ہیں۔

## ● مجلس احرار اسلام لکھنؤ منڈل میں مزید نامزدگیاں

لکھنؤ (الاحرار) مجلس احرار اسلام ہند حلقہ لکھنؤ منڈل کے صدر مولانا وکیل احمد قاسمی تمبوری نے بتایا کہ لکھنؤ منڈل احرار کا سرپرست حضرت مولانا رعایت علی صاحب قاسمی سیتاپوری کو تسلیم کرتے ہوئے مولانا مفتی شیث اللہ صاحب ہردوئی کو لکھنؤ حلقہ احرار کا ناظم، قاری محمد اسعد سیتاپوری کو شہر سیتاپور کا ناظم، مولانا محمد عثمان قاسمی کو لہرپور ضلع سیتاپور کا صدر احرار، مولانا محمد اقبال کو شہر للھیم پور احرار پارٹی کا صدر، مولانا محفوظ احمد قاسمی کو قصبہ ہرگاؤں کا صدر نامزد کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com